Maulana Azad National Urdu University
B.A. III Semester Examination, February 2023
BAIS301CCT - Faith, Quran and Hadith

پرچہ : عقیدہ، قرآن اور حدیث

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) مولانا ابوالکلام آزاد کی تفسیر کا نام بتایئے؟

(a) بیان القرآن (b) تفہیم القرآن (c) ترجمان القرآن (d) تفسیر القرآن

(ii) محمد ابن اسماعیل کس محدث کا نام ہے؟

(a) امام بخاری (b) امام مسلم (c) امام ترمذی (d) امام ابوداؤد

(iii) حضرت محمد ﷺ پر پہلی وحی کہاں نازل ہوئی تھی؟

(a) غار ثور (b) غار حرا (c) کوہ صفا (d) کوہ طور

(iv) تفسیر کبیر کے مصنف کا نام بتایئے؟

(a) امام زمخشری (b) امام طبری (c) امام بیضاوی (d) امام رازی

(v) سب سے پہلے مکمل قرآن مجید کی جمع و تدوین کا کام کس خلیفہ کے عہد میں ہوا؟

(a) حضرت ابوبکر (b) حضرت عمرؓ (c) حضرت عثمانؓ (d) حضرت علیؓ

(vi) اسلام کے ارکان کتنے ہیں؟

(a) 3 (b) 4 (c) 5 (d) 6

vii) حدیث بیان کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

(a) قاری (b) راوی (c) محدث (d) عالم

(viii) خلفائے بنو امیہ میں حدیثیں جمع کرنے کا حکم کس خلیفہ نے دیا تھا؟

(a) امیر معاویہؓ (b) مروان بن حکم (c) ولید بن عبدالملک (d) عمر بن عبدالعزیز

(ix) صحیحین حدیث کی کن کتابوں کو کہتے ہیں؟

(a) مسلم اور ابوداؤد (b) بخاری اور ابن ماجہ (c) بخاری اور مسلم (d) ترمذی اور نسائی

(x) حج کے اصل معنی کیا ہیں؟

(a) (a) پاک کرنا (b) ارادہ کرنا (c) رک جانا (d) دعا کرنا

حصہ دوم

(2) وحی کسے کہتے ہیں؟ آپ ﷺ پر پہلی وحی کے نازل ہونے کے واقعہ کو بیان کیجئے۔

(3) ہماری زندگی میں حدیث کی ضرورت واہمیت کو بیان کیجئے۔

(4) تفسیر جلالین کا تعارف کرائیے اور اس کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(5) حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں جمع وتدوین قرآن کو بیان کیجئے۔

(6) آخرت سے آپ کیا سمجھتے ہیں اور انسان کی زندگی پر اس عقیدے کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

(7) تفسیر کا تعارف کرائیے اور عہد خلافت راشدہ میں تفسیر کے ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

(8) رمضان شریف کے روزوں کی فضیلت پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(9) بخاری شریف پر ایک مختصر مضمون تحریر کیجئے۔

حصہ سوم

(10) اسلام کے بنیادی ارکان کا جامع تعارف کرائیے۔

(11) حدیث کے تعارف وتاریخ پر ایک مضمون لکھئے۔

(12) امام مسلم کی حیات اور علم حدیث میں ان کی خدمات بیان کیجئے۔

(13) مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی حیات اور ان کی تفسیر کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(14) علم حدیث میں کسی دو ہندوستانی علماء کی خدمات کا تعارف کرائیے۔

☆☆☆